| الفاظ | جملے |
|---|---|
| تلملانا | کسان کے سالے چغل خور کی بات سُن کر تلملانے لگے۔ |
| ادھ موا | کسان اپنی بیوی کو مار مار کر ادھ موا کر دیتا ہے۔ |
| ہلکان ہونا | چور پولیس کی مار کھا کھا کر ہلکان ہو گیا۔ |
| کانوں کان خبر نہ ہونا | پاکستان کے ایٹمی قوت بننے کی کسی کو کانوں کان خبر نہ ہوئی۔ |
| شش و پنج میں مبتلا ہونا | چغل خور کی بات سن کر کسان شش و پنج میں مبتلا ہو گیا۔ |
| در در کی خاک چھاننا | اسلم نے در در کی خاک چھانی لیکن نوکری نہ ملی۔ |

## کثیر الانتخابی سوالات

## درست جوابات کی نشاندہی کریں:

1- شفیع عقیل لاہور کے قریب گاؤں میں پیدا ہوئے:

(الف) قصور (ب) مرید کے (ج) تھینہ (د) شاہدرہ

2- شفیع عقیل کراچی چلے گئے عمر میں:

(الف) دس سال (ب) 15 سال (ج) بیس سال (د) 55 سال

3- شفیع عقیل مجید لاہوری کے رسالے سے وابستہ رہے:

(الف) نمک دان (ب) مخزن (ج) پھول (د) انصاف

4- شفیع عقیل کا زیادہ تر کام مشتمل ہے:

(الف) نظموں پر (ب) غزلوں پر (ج) نثر پر (د) لوک کہانیوں پر

5- چغل خور اپنی عادت سے تھا:

(الف) مجبور (ب) خوش (ج) ناخوش (د) اداس

6- کچھ دن تو چغل خور گزر بسر کرتا رہا:

(الف) بھیک مانگ کر (ب) جمع پونجی پر (ج) بھوکے رہ کر (د) ادھار لے کر

7- چغل خور نے دوسرے گاؤں ملازمت ڈھونڈلی:

(الف) وکیل کے پاس (ب) تاجر کے پاس (ج) کسان کے پاس (د) جج کے پاس

8- کسان کے پوچھنے پر چغل خور نے کیا تنخواہ بتائی؟

(الف) پانچ ہزار (ب) دس ہزار (ج) پندرہ ہزار (د) میری کوئی تنخواہ نہیں ہے

9- چغل خور کی چھ ماہ بعد ایک چغلی کی شرط اپنی جگہ پر تھی:

(الف) مضحکہ خیز (ب) بیہودہ (ج) عجیب (د) فضول

10- چغل خور نے چھ ماہ تک اپنی عادت پر کیے رکھا:

(الف)ظلم (ب)تشدد (ج)جبر (د)اکتفا

11-چغل خور کسان کی بیوی سے بڑے لہجے میں بولا:

(الف)عاجزانہ (ب)رازدارانہ (ج)منکسرانہ (د)فاتحانہ

12-چغل خور نے کسان کی بیوی سے کہا کہ کسان ہو گیا ہے:

(الف)کوڑھی (ب)معذور (ج)اندھا (د)رعشہ کا مریض

13-کسان کی بیوی نے تہیہ کیا کہ وہ کسان کے جسم کو دیکھے گی:

(الف)عینک لگا کر (ب)چاٹ کر (ج)دھو کر (د)چھو کر

14-چغل خور نے کسان کو بتایا کہ اس کی بیوی ہو گئی ہے:

(الف)اندھی (ب)پاگل (ج)کوڑھی (د)لنگڑی

15-کسان کے سالے چغل خور کی بات سن کر ہو گئے:

(الف)خوش (ب)پریشان (ج)آپے سے باہر (د)غصے سے تلملائے

16-کسان نے آؤ دیکھا نہ تاؤ اپنی بیوی کی شروع کر دی:

(الف)ٹھکائی (ب)مرمت (ج)سرزنش (د)ڈانٹ ڈپٹ

17-جب راز کھلا تو سب مل کر تلاش کرنے لگے:

(الف)چغل خور کو (ب)کسان کو (ج)چور کو (د)ڈاکو کو

18-فصل پک چکی تھی اور کسان گھر نہیں گیا تھا:

(الف)ایک روز سے (ب)دو روز سے (ج)تین روز سے (د)چار روز سے

19-چغل خور نے کسان کو مبتلا دیکھا:

(الف)صدمے میں (ب)شش و پنج میں (ج)سوچ میں (د)حیرانی میں

20-چغل خور نے کسان سے کہا کہ اگر میری بات پر یقین نہیں تو دیکھ لینا:

(الف)آج (ب)کل (ج)پرسوں (د)ایک ہفتے بعد

21-چغل خور نے کسان کے سالوں سے کہا کہ تمہارا بہنوئی تمہاری بہن کو مار مار کر کر دیتا ہے:

(الف)بے ہوش (ب)ادھ موا (ج)بے عزت (د)اپاہج

22-کسان کی بیوی کھانا لے کر کھیتوں میں گئی:

(الف)صبح کو (ب)دوپہر کو (ج)شام کو (د)رات کو

23-کسان کے سالے اپنی بہن کی پٹائی کا سن کر:

(الف)آپے سے باہر ہو گئے (ب)پانی پانی ہو گئے (ج)تلملانے لگے (د)برافروختہ ہو گئے

24-چغل خور نے کسان کے بھائیوں کو منہ بنا کر جواب دیا:

(الف)روہانسا (ب)کھسیانا (ج)کشادہ (د)مسکراتا

25-چغل خور نے کسان کے بھائیوں کو بتایا کہ کسان کے سالے اسے آکر زدوکوب کرتے ہیں:

(الف)ہر روز (ب)ہر دوسرے دن (ج)ہر تیسرے دن (د)ہر چوتھے دن

26-کسان کے بھائیوں نے کہا کہ ہم دیکھ لیں گے اس کے سالے کیسے ہاتھ لگاتے ہیں کیونکہ ابھی ہم:

(الف)زندہ ہیں (ب)مرے نہیں (ج)بہادر ہیں (د)جوان ہیں

27-سبق چغل خور کے مصنف ہیں:

(الف)ہاجرہ مسرور (ب)شفیع عقیل (ج)اشرف صبوحی (د)سجاد حیدر یلدرم

28-شفیع عقیل کا سن ولادت ہے:

(الف)1926ء (ب)1927ء (ج)1928ء (د)1930ء

29-کسان نے آؤ دیکھا نہ تاؤ، پاؤں سے جوتا اتار کر وہیں بیوی کی شروع کر دی:

(الف)ٹھکائی (ب)پٹائی (ج)بے عزتی (د)تذلیل

30-وہ لاٹھیاں چلیں کہ سب نہا گئے:

(الف)پانی میں (ب)پسینے میں (ج)خون میں (د)کیچڑ میں

31-بیوی روٹیوں کی چنگیری آگے بڑھانے کے بہانے سے قدرے آگے آئی:

(الف)سرک (ب)گھسٹ (ج)بڑھ (د)جھک

32-کسان نے بیوی پر جوتے شروع کیے:

(الف)برسانے (ب)مارنے (ج)پھینکنے (د)اٹھانے

33-کسان کے سالے یہ بات سن کر غصے میں لگے:

(الف)بولنے (ب)بھڑکنے (ج)تلملانے (د)ہچکچانے

34-چغل خور کو کسان کے ہاں ملازم ہوئے چھ ماہ چکے تھے:

(الف)گزر (ب)بیت (ج)لگ (د)ہو

35-چغل خور جمع پونجی پر کرتا رہا:

(الف)گزارہ (ب)گزربسر (ج)فضول خرچی (د)عیاشی

36-کسان کی بیوی نے کسان کی کلائی پکڑ لی:

(الف)کود کر (ب)لپک کر (ج)اچھل کر (د)جھپٹ کر

**جوابات:**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1-ج | 2-ج | 3-الف | 4-د | 5-الف |
| 6-ب | 7-ج | 8-د | 9-ج | 10-ج |
| 11-ب | 12-الف | 13-ب | 14-ب | 15-ب |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 16-الف | 17-الف | 18-ب | 19-ب | 20-ب |
| 21-ب | 22-ب | 23-ج | 24-الف | 25-د |
| 26-ب | 27-ب | 28-د | 29-الف | 30-ج |
| 31-الف | 32-الف | 33-ج | 34-ب | 35-ب |
| 36-د | | | | |